**29.08.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میونہ

Music

……………………………….

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور جاپان نے اگلی دہائی کیلئے ایک خاکہ تیار کیا ہے جس میں سرمایہ کاری، اختراع، اقتصادی سکیورٹی، ٹیکنالوجی، عوام اور علاقائی تعاون اہم ہیں۔

☆ جاپان کے وزیر اعظم Shigeru Ishiba کا کہنا ہے کہ جاپان اور بھارت کو ایک دوسرے کی طاقت کو مشترکہ چیلنجوں کے حل تلاش کرنے میں استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔

☆ بھارت کی GDP مالی سال 26-2025 کے اپریل سے جون کی سہ ماہی میں 7اعشاریہ 8فیصد کی ترقی کا امکان ہے۔

☆ سرکار نے فوجی ٹریننگ سے طبی طور پر باہر کئے گئے نوجوانوں کیلئے ECHS کی سہولیات میں توسیع کی ہے۔

☆ اتراکھنڈ کے رودر پریاگ، چمولی اور باگیشور اضلاع میں تیز بارش کی وجہ سے پانچ افراد ہلاک اور 11لوگ لاپتہ ہیں۔

☆ اور قزاخستان میں جاری ایشیائی شوٹنگ چمپئن شپ میں بھارت کے Gurpreet Singh، راج کنور سنگھ سندھو اور Ankur گوئل کی ٹیم نے 25میٹر سینٹر فائر مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

……………………………….

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**PM Tokyo**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت اور جاپان نے اگلی دہائی کیلئے ایک خاکہ تیار کیا ہے جس میں سرمایہ کاری، اختراع، اقتصادی سکیورٹی، ٹیکنالوجی، عوام اور علاقائی تعاون اہم ہیں۔ انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ دونوں ملکوں کے اسٹارٹ اپ کے ساتھ ساتھ چھوٹے اور درمیانی صنعتوں کے درمیان تعلقات کو بہتر کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ 'میک اِن انڈیا' اور 'میک فار دی ورلڈ' کیلئے جاپانی کمپنیوں کو مدعو کرتے ہوئے جناب مودی نے اعلان کیا کہ بھارت اور جاپان نے اگلے دس سالوں میں بھارت میں دس ٹریلین جاپانی Yen کی سرمایہ کاری کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ جناب مودی ٹوکیو میں اپنے ہم منصب Shigeru Ishiba کے ساتھ پندرھویں بھارت—جاپان سربراہ کانفرنس کے بعد ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔

S/B 2100 PM Modi on Strategic Partnership

وزیر اعظم مودی نے اعلان کیا کہ اگلے پانچ سالوں میں انسانی وسائل کے تبادلے کیلئے ایک ایکشن پلان تیار کیا جائے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور جاپان ایک آزاد، کھلا، پُرامن، خوشحال اور ضوابط پر مبنی بھارت—بحرالکاہل کے تئیں عہد بند ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ دونوں ملک دہشت گردی اور سکیورٹی، خاص طور پر دفاع اور بحری سکیورٹی کے شعبوں میں مشترکہ تشویش رکھتے ہیں۔

S/B 2100 PM Indo Pacific Collaboration

جناب مودی نے کہا کہ بھارت—جاپان شراکت داری باہمی اعتماد میں مضمر ہے اور یہ قومی ترجیحات کی عکاسی کرتی ہے جسے مشترکہ اقدار اور اعتماد پر قائم کی گئی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ دونوں ممالک کے پاس امن، ترقی اور اپنے عوام اور دنیا کی خوشحالی کا مشترکہ خواب ہے۔

S/B 2100 PM India Japan Shared Belief

جاپان کے وزیر اعظم Shigeru Ishiba نے کہا کہ بھارت، دنیا کیلئے یکسر تبدیلی لا رہا ہے۔ ایسے وقت میں جب جاپان اور بھارت اپنے تعلقات مستحکم کر رہے ہیں، انھوں نے زور دیا کہ دونوں ممالک ایک دوسرے کی طاقت کو مشترکہ چیلنجوں کے حل تلاش کرنے میں استعمال کرنا چاہئے اور ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہئے۔ انھوں نے جاپان کی معیشت کو مستحکم کرنے میں بھارت سے مزید اعلیٰ سطح کی ہنرمند صلاحیت حاصل کرنے کی بات کہی۔ وزیر اعظم Ishiba نے کہا کہ بھارت اور جاپان کے پاس بنیادی اقدار اور بھارت—بحرالکاہل خطہ ہے، دونوں ممالک کو آزاد اور قانون پر مبنی بین الاقوامی حکمرانی پر کام کرنا چاہئے۔x

## MEA Tokyo

خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا ہے کہ ایک ترقی یافتہ اور خودکفیل بھارت کی جانب، بھارت کے سفر میں آج جاپان ایک شراکت دار ہے۔ وزیر اعظم مودی کے جاپان کے دو روزہ دورے پر اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے خارجہ سکریٹری نے کہا کہ وزیر اعظم مودی اور وزیر اعظم Shigeru Ishiba نے ایک ساتھ تقریباً ڈھائی گھنٹے گزارے جس میں دونوں رہنماؤں نے وفد کی سطح کی بات چیت کی اور سمجھوتوں کے تبادلے کئے۔ دونوں وزراء اعظم نے باہمی معاملات کے ساتھ ساتھ علاقائی اور عالمی صورتحال پر بات کی۔x

## Prez-Sportsman

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کھیلوں کے قومی دن کے موقع پر آج اَمرت اُدیان میں کھلاڑیوں سے ملاقات کی۔ کھیلوں کا قومی دن منانے کیلئے آج کھلاڑیوں اور ایتھلیٹس کو امرت اُدیان میں خصوصی طور پر داخلہ دیا گیا تھا۔ امرت اُدیان 14 ستمبر تک کھلا رہے گا۔ امرت اُدیان میں داخلہ مفت ہے اور اسکولوں کے گروپ، راشٹرپتی بھون میوزیم میں بھی مفت داخل ہوسکتے ہیں۔ اس کیلئے آن لائن ٹکٹ بھی بُک کیا جاسکتا ہے۔ ویب سائٹ ہے : visit.rashtrapatibhavan.gov.in امرت اُدیان ہر پیر کو دیکھ ریکھ کیلئے بند رہے گا۔×

**Rev. India GDP**

بھارت کی حقیقی مجموعی گھریلو پیداوار GDP مالی سال 2025-26 کے اپریل سے جون کی سہ ماہی میں سات اعشاریہ آٹھ فیصد بڑھنے کا اندازہ ہے۔
پیش ہے ایک رپورٹ........

VC Ayushi and Intekhab

اعداد وشمار اور پروگرام کے نفاذ کی وزارت کے ذریعے موجودہ مالی سال کی پہلی سہ ماہی کیلئے آج جاری کئے گئے GDP کے سہ ماہی اندازے کے مطابق Nominal GDP نے اِسی مدت کے دوران آٹھ اعشاریہ آٹھ فیصد کی شرح ترقی حاصل کی ہے۔ زرعی اور متعلقہ شعبوں میں تین اعشاریہ سات فیصد کی مجموعی گھریلو شرح ترقی ہوئی ہے۔ پچھلے مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ایک اعشاریہ پانچ فیصد کی شرح ترقی ہوئی تھی۔ مالی سال 2025-26 کی پہلی سہ ماہی میں مینوفیکچرنگ کے شعبے میں سات اعشاریہ سات، تعمیرات کے شعبے میں سات اعشاریہ چھ فیصد کی ترقی کا امکان ہے۔

آیوشی اور انتخاب کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب عالم

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے اقتصادی امور کے ماہر Shishir سنہا نے کہا کہ پہلی سہ ماہی میں سات اعشاریہ آٹھ فیصد کی ترقی سروسز اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں عمدہ کارکردگی کی وجہ سے ہوئی ہے۔

S/B Shishir on GDP

**Amit Shah Brahmaputra Wing**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج گوہاٹی میں Golap Borbora کی 100ویں جینتی کے موقع پر ایک سال طویل تقریبات کا آغاز کیا۔ اس دوران جناب شاہ نے آسام کے سابق وزیراعلیٰ آنجہانی گولاپ Borbora کو دور اندیش سوشلسٹ رہنما اور مجاہد آزادی قرار دیا۔

2100- Amit Shah

**ECHS Defence Ministry**

سرکار نے سابق فوجیوں کی شراکت داری صحت اسکیم ECHS کی سہولت کی توسیع کی منظوری دی ہے۔ وزارت نے مسلح افواج کے وقار اور خوشحالی کے تئیں اپنے عہد کو دُہرانے کیلئے یہ اقدام کیا ہے۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ یہ سہولت اُن جوانوں کیلئے دستیاب ہے جنھیں ٹریننگ کی تکمیل سے پہلے ہی طبی طور پر خدمات سے باہر کردیا گیا ہے۔x

**ESM JOB FAIR**

دفاع کے مرکزی وزیر مملکت سنجے سیٹھ نے شہری افرادی قوت میں سابق فوجیوں کو بااختیار بنانے اور حمایت

کے لئے ایک Job Fair کے انعقاد کے لئے Directorate General Resettlement کو آج مبارکباد پیش کی ہے۔ Job fair سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا ہے کہ ملازمت کیلئے موقع فراہم کرنے سے سابق فوجی بھارت کی ترقی کے سفیر بن سکتے ہیں۔ وزارت دفاع میں سابق فوجیوں کے بہبود کے محکمے کی جانب سے منعقد کردہ اِس Job Fair نے فوج بحریہ اور فضائیہ کے ایک ہزار 500 سے زیادہ سابق اہلکاروں کو مواقع جوڑا ہے، جس میں 40 سے زیادہ کمپنیوں نے 750 سے زیادہ نوکریاں فراہم کی ہے۔×

## Indian Navy Saudi Arabia

بھارتی بحری جہاز Tamal اور Surat سعودی عرب کے جدہ پہنچ گئے ہیں۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ یہ دورہ سعودی عرب کے ساتھ دفاعی تال میل اور دوستانہ تعلقات کو مستحکم کرنے کے تئیں بھارت کے عہد کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ دورہ دونوں ملکوں کی بحریہ کیلئے کام کے بہتر طور طریقوں کے تبادلے اور تعلقات کو مزید وسعت دینے کے مواقع تلاش کرنے کا ایک موقع فراہم کرے گا۔x

## Education Cunt Fund

تعلیم کی مرکزی وزارت نے، اعلیٰ تعلیم کی فائنانسنگ ایجنسی کے ذریعہ Thiruvarur کی سینٹرل یونیورسٹی آف تمل ناڈو، CUTN میں بنیادی ڈھانچے کی جامع توسیع کیلئے 385 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت کو منظوری دی ہے۔ نئی منظور شدہ فنڈنگ کے ذریعہ CUTN، نئی تعلیمی اور رہائشی عمارتیں تعمیر کرے گی، جن میں جدید ترین تعلیمی بلاک اور طلباء اور ریسرچ اسکالرس کیلئے اضافی ہاسٹلس شامل ہیں۔ وزارت تعلیم نے کہا ہے کہ اس اہم سرمایہ کاری سے یونیورسٹی کے تعلیمی نظام کو تقویت ملے گی اور نئی تجربہ گاہیں اور آلات فراہم کئے جاسکیں گے۔×

## Agriculture Ministry Biofach

**Biofach** انڈیا کا **17** واں ایڈیشن کل سے شروع ہوگا، جو یکم ستمبر تک جاری رہے گا۔ یہ انعقاد گریٹر نوئیڈا کے انڈیا ایکسپو سینٹر اینڈ مارٹ میں ہوگا۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت نے بتایا کہ اس انعقاد کے دوران شمال مشرقی خطے کی آرگینک ویلیو چین ڈیولپمنٹ مشن کے تحت شمال مشرقی خطے سے تعلق رکھنے والی **27** سے زیادہ زرعی پیداوار تنظیمیں اپنی مصنوعات کی نمائش کریں گی۔ یہ تقریب، دنیا بھر سے نامیاتی پیداوار اُگانے والوں، خریداروں، کاروباریوں، پالیسی سازوں اور شراکت داروں کو یکجا کرے گی اور نامیاتی شعبے میں درپیش چیلنجوں اور امکانات پر تبادلہ خیال کا موقع فراہم کرے گی۔×

## Seei-Power Ministry

بجلی کی وزارت نے سال– 2024 کے دوران ریاستوں میں توانائی کی کارکردگی سے متعلق اشاریہ، اسٹیٹ اِنرجی Effiency اِنڈیکس، SEEI جاری کیا۔ یہ اشاریہ، ریاستی سطح پر ڈیٹا کی ادارہ جاتی نگرانی، توانائی کے فوٹ پرنٹ

کے بندوبست کا ریکارڈ رکھنے، بہترین طریقہ کار کو فروغ دینے اور ریاستوں میں توانائی کی کارکردگی سے متعلق مقابلہ جاتی بہتری کو بڑھاوا دینے میں اہم رول ادا کرتا ہے۔ اشاریئے کے مطابق سب سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی ریاستوں میں مہاراشٹر، آندھرا پردیش، آسام اور تریپورہ ہیں۔×

## Uttarakhand Cloudburst

اتراکھنڈ کے رودرپریاگ، چمولی اور باگیشور ضلعوں میں شدید بارش کی وجہ سے پانچ لوگوں کی موت ہوگئی، جبکہ 11افراد کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے۔ ان ضلعوں میں لگاتار بارش اور چٹانیں کھسکنے کی وجہ سے زندگی شدید طور پر متاثر ہوئی ہے۔چمولی ضلع کی دیوال تحصیل کے موپاٹا گاؤں سے دو لاشیں برآمد کی گئی ہیں، جبکہ باگیشور ضلع کی Kapkot تحصیل کے Pausari گاؤں میں بھی دو لاشیں پائی گئی ہیں۔ رودرپریاگ ضلع کے جاکھولی علاقے میں ایک خاتون کی موت ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق رودرپریاگ ضلع کے چھینا گڑھ گاؤں میں 8افراد ملبے کے نیچے دبے ہوئے ہیں۔ سبھی لاپتہ افراد کا پتہ لگانے کیلئے تلاش کارروائیاں جاری ہیں۔ ٹہری ضلع کے Budhakedar علاقے میں بھی موسلادھار بارش سے شدید نقصان ہوا ہے۔ اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے آج دہرادون میں قدرتی آفات سے نمٹنے کی اعلیٰ سطحی میٹنگ منعقد کی۔ اس دوران وزیراعلیٰ نے ضلع کلکٹروں کو متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر سبھی ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔×

## Asian Shooting

بھارت کے پسٹل نشانے باز Gurpreet Singh نے دوسرے دن بھی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے آج قزاخستان میں جاری ایشیائی شوٹنگ چمپئن شپ میں 25میٹر سینٹر فائر مقابلے میں بھارتی ٹیم کیلئے سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ ایک دن پہلے 25میٹر پسٹل انفرادی مقابلے میں 37سالہ فوجی نشانے باز نے سونے کا تمغہ حاصل کیا تھا۔ Gurpreet Singh، راج کنور سنگھ سندھو اور Ankur گوئل کی ٹیم نے بھارت کیلئے سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆